روزنامہ
الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 12 جولائی 2006ء 15 جمادی الثانی 1427 ہجری 12 وفا 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 153

خدا کا احسان ہے

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عشاء کی نماز تاخیر سے پڑھائی۔ یہاں تک کہ نصف رات گزر گئی۔ نماز کے بعد آپؐ نے فرمایا ٹھہرو۔ تمہیں بشارت ہو کہ خدا کا یہ تم پر بڑا احسان ہے۔ اس وقت روئے زمین پر کوئی شخص تمہارے علاوہ نماز نہیں پڑھ رہا تھا۔ یہ سن کر ہم فرحت اور خوشی سے واپس لوٹے۔

(صحیح مسلم کتاب المساجد باب وقت العشاء حدیث نمبر:1014)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

روحانی حالتیں

تیسرا سوال یعنی یہ کہ روحانی حالتیں کیا ہیں؟ واضح رہے کہ ہم پہلے اس سے بیان کر چکے ہیں کہ بموجب ہدایت قرآن شریف کے روحانی حالتوں کا منبع اور سرچشمہ نفس مطمئنہ ہے جو انسان کو با اخلاق ہونے کے مرتبہ سے باخدا ہونے کے مرتبہ تک پہنچاتا ہے۔ جیسا کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے:۔..........

یعنی اے نفس خدا کے ساتھ آرام یافتہ۔ اپنے رب کی طرف واپس چلا آ۔ وہ تجھ سے راضی اور تو اس سے راضی۔ پس میرے بندوں میں داخل ہو جا اور میری بہشت کے اندر آ جا۔

اس جگہ بہتر ہے کہ ہم روحانی حالتوں کے بیان کرنے کے لئے اس آیت کریمہ کی تفسیر کسی قدر توضیح سے بیان کریں۔

پس یاد رکھنا چاہئے کہ اعلیٰ درجہ کی روحانی حالت انسان کی اس دنیوی زندگی میں یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے ساتھ آرام پا جائے۔ اور تمام اطمینان اور سرور اور لذت اس کی خدا میں ہی ہو جائے یہی وہ حالت ہے جس کو دوسرے لفظوں میں بہشتی زندگی کہا جاتا ہے۔ اس حالت میں انسان اپنے کامل صدق اور صفا اور وفا کے بدلہ میں ایک نقد بہشت پالیتا ہے اور دوسرے لوگوں کی بہشت موعود پر نظر ہوتی ہے اور یہ بہشت موجود میں داخل ہوتا ہے۔ اسی درجہ پر پہنچ کر انسان سمجھتا ہے۔ کہ وہ عبادت جس کا بوجھ اس کے سر پر ڈالا گیا ہے درحقیقت وہی ایک ایسی غذا ہے جس سے اس کی روح نشوونما پاتی ہے اور جس پر اس کی روحانی زندگی کا بڑا بھاری مدار ہے اور اس کے نتیجہ کا حصول کسی دوسرے جہان پر موقوف نہیں ہے۔ اسی مقام پر یہ بات حاصل ہوتی ہے کہ وہ ساری ملامتیں جو نفس لوّامہ انسان کا اس کی ناپاک زندگی پر کرتا ہے اور پھر بھی نیک خواہشوں کو اچھی طرح ابھار نہیں سکتا اور بری خواہشوں سے حقیقی نفرت نہیں دلا سکتا۔ اور نہ نیکی پر ٹھہرنے کی پوری قوت بخش سکتا ہے اس پاک تحریک سے بدل جاتی ہیں جو نفس مطمئنہ کے نشوونما کا آغاز ہوتی ہے۔ اور اس درجہ پر پہنچ کر وقت آ جاتا ہے کہ انسان پوری فلاح حاصل کرے اور اب تمام نفسانی جذبات خود بخود افسردہ ہونے لگتے ہیں۔ اور روح پر ایک ایسی طاقت افزاء ہوا چلنے لگتی ہے۔ جس سے انسان پہلی کمزوریوں کو ندامت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ اس وقت انسانی سرشت پر ایک بھاری انقلاب آتا ہے۔ اور عادت میں ایک تبدل عظیم پیدا ہوتا ہے اور انسان اپنی پہلی حالتوں سے بہت ہی دور جا پڑتا ہے، دھویا جاتا ہے اور صاف کیا جاتا ہے اور خدا نیکی کی محبت کو اپنے ہاتھ سے اس کے دل میں لکھ دیتا ہے اور بدی کا گند اپنے ہاتھ سے اس کے دل سے باہر پھینک دیتا ہے۔ سچائی کی فوج سب کی سب دل کے شہرستان میں آ جاتی ہے۔ اور فطرت کے تمام برجوں پر راستبازی کا قبضہ ہو جاتا ہے اور حق کی فتح ہوتی ہے اور باطل بھاگ جاتا ہے اور اپنے ہتھیار پھینک دیتا ہے۔ اس شخص کے دل پر خدا کا ہاتھ ہوتا ہے اور ہر ایک قدم خدا کے زیر سایہ چلتا ہے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 377)

عظیم نظام میں شامل ہوں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

''خدام الاحمدیہ، انصار اللہ صف دوم جو ہے اور لجنہ اماء اللہ کو اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ کیونکہ ستر بہتر سال کی عمر میں پہنچ کر جب قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے ہوں تو اُس وقت وصیت تو بچا کھچا ہی ہے جو پیش کیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ احمدی نوجوان بھی اور خواتین بھی اس میں بھرپور کوشش کریں گے اور اس کے ساتھ ساتھ عورتوں کو خاص طور پر میں کہہ رہا ہوں کہ اپنے ساتھ اپنے خاوندوں اور بچوں کو بھی اس عظیم انقلابی نظام میں شامل کرنے کی کوشش کریں''۔

(اختتامی خطاب جلسہ سالانہ برطانیہ 2004ء مطبوعہ الفضل سالانہ نمبر 2005ء ص 11)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز)

ضرورت ٹیچر

۞ گرلز سکول نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ میں دو ٹیچرز کی آسامیاں خالی ہیں۔

(1) ہوم اکنامکس ٹیچر۔ کم سے کم تعلیمی قابلیت B.Sc ہوم اکنامکس (2) گیمز ٹیچر۔ کم سے کم تعلیمی B.A اور سپوکن انگلش میں مہارت رکھتی ہوں۔

خواہش مند خواتین اپنی درخواستیں صدر محلہ کی تصدیق اور تمام ضروری دستاویزات کی فوٹو کاپی کے ساتھ دفتر گرلز سکول نصرت جہاں اکیڈمی میں مورخہ 10 اگست 2006ء تک جمع کروادیں۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی گرلز سکول)

نمایاں کامیابی

۞ مکرم چوہدری داؤد احمد صاحب کھاریاں تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی پیاری بیٹی عزیزہ مدیحہ احمد صاحبہ نے میٹرک کے امتحان میں فیڈرل بورڈ میں پورے پاکستان میں 1050 میں سے 991 نمبر لے کر دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ اور اپنے ریجن میں اول پوزیشن حاصل کی ہے۔ بچی مکرم چوہدری کمال الدین صاحب مرحوم آف مردان کی پوتی اور مکرم چوہدری ریاض احمد صاحب شہید کی بھتیجی ہیں احباب جماعت سے بچی کی مزید کامیابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

صفائی نصف ایمان ہے

خداتوبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اوران کو بھی دوست رکھتا ہے جوجسمانی طہارت کے پابند رہتے ہیں۔
ارشاد حضرت مسیح موعود

اگر ہم چاہیں تو اپنے شہر کو غریب دلہن کی طرح سجا سکتے ہیں۔مگر کیسے.........؟

ارشاد
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
''احمدیوں کو خاص طور پر اس طرف توجہ دینی چاہئے۔کوئی ایسا انتظام کرنا چاہئے کہ گھروں کے باہر گند نظر نہ آئے۔ربوہ میں جہاں تقریباً 98 فیصد احمدی آبادی ہے۔ایک صاف سُتھرا ماحول نظر آنا چاہئے۔''
(روزنامہ الفضل ربوہ 20 جولائی 2004)

ارشاد
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
''احمدی گھروں کے اندر اور باہر صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ایک واضح فرق نظر آنا چاہئے۔گزرنے والے کو پتہ چلے کہ اب وہ احمدی محلے یا گھر کے سامنے سے گزر رہا ہے۔''
(روزنامہ الفضل ربوہ 20 جولائی 2004)

گھر کی صفائی کی طرح باقاعدگی سے گھر کے باہر بھی صفائی کا خیال رکھیں

شاپنگ بیگ کا استعمال کم سے کم کریں

صاف سُتھرا ماحول۔۔۔صحت مند معاشرہ کی علامت ہے

گھر کا کوڑا کرکٹ ڈسٹ بن میں پھینکیں

گھر کے ریمپ کو مناسب حد تک رکھیں

گھر کے سامنے سے گزرنے والی نالیوں کی صفائی کریں

ان باتوں پر عمل کرنا مشکل نہیں بس تھوڑی توجہ کی ضرورت ہے

گھر کے اندر اور باہر صاف سُتھرا ماحول آپ اور آپ کے بچوں کی صحت کا ضامن ہے

یاد رکھئے

ظاہری پاکیزگی باطنی طہارت کی ممد اور معاون ہے۔ (ایام الصلح)

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی------(نظامت وقار عمل)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت مسیح موعود کی سحر انگیز شخصیت اور دلکش سیرت

جناب چوہدری محمد علی کی ایک پُراثر غزل کی نثری تضمین۔ مصرع مصرع کے تائیدی واقعات

مکرم احمد مستنصر قمر صاحب

سیدنا حضرت مسیح موعود کی پاک سیرت کے ایمان افروز واقعات ہمارے لئے ہر لمحہ اور ہر شعبہ میں مشعل راہ ہیں۔ ان کا ہر بار مطالعہ کرنے سے نئے مطالب و معانی ہم پر کھلتے ہیں۔ اس مضمون میں حضرت مسیح موعود کی سیرت کے چند واقعات کو ایک خاص ترتیب سے پیش کیا گیا ہے۔ جو محترم چوہدری محمد علی صاحب کی ایک غزل کے پس منظر میں ہے۔

یہ جو حسن خطاب سا کچھ ہے

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی اپنی روایات بابت حضرت مسیح موعود میں بیان فرماتے ہیں۔

''حضرت مسیح موعود نے عید الاضحیٰ کے روز (بیت) اقصیٰ میں کھڑے ہو کر فرمایا کہ میں الہاماً چند الفاظ بطور خطبہ عربی سنانا چاہتا ہوں۔ مولوی نورالدین صاحب اور مولوی عبدالکریم صاحب دونوں صاحب تمام وکمال لکھنے کی کوشش کریں۔ یہ فرما کر آپ نے خطبہ الہامیہ عربی میں فرمانا شروع کر دیا۔ پھر آپ اس قدر جلدی بیان فرما رہے تھے کہ زبان کے ساتھ قلم کا چلنا مشکل ہو رہا تھا **اور ہم نے اس خطبے کا خاص اثر یہ دیکھا کہ سب سامعین محویت کے عالم میں تھے اور خطبہ سمجھ میں آ رہا تھا۔ ہر ایک اس سے متاثر تھا۔**

مولوی نورالدین صاحب اور مولوی عبدالکریم صاحب بعض دفعہ الفاظ کے متعلق پوچھ کر لکھتے تھے۔ ایک لفظ ''خناطیل'' مجھے یاد ہے کہ اس کے متعلق بھی پوچھا۔ خطبہ ختم ہونے پر جب حضور مکان پر تشریف لائے تو مجھے اور مولوی عبداللہ صاحب سنوری اور میر حامد شاہ صاحب ہم تینوں کو بلایا اور فرمایا اس خطبے کا جو اثر ہوا ہے اور جو کیفیت لوگوں کی ہوئی ہے۔ اپنے اپنے رنگ میں آپ لکھ کر مجھے دیں۔ مولوی عبداللہ صاحب اور میر صاحب نے تو مہلت چاہی لیکن خاکسار نے اپنے تاثرات جو کچھ میرے خیال میں تھے۔ اسی وقت لکھ کر پیش کر دیئے۔ میں نے اس میں یہ بھی لکھا کہ مولوی نورالدین صاحب اور مولوی عبدالکریم صاحب بعض الفاظ دوران خطبہ میں دریافت فرماتے رہے وغیرہ۔ حضور کو میرا مضمون بہت پسند آیا۔ اس میں لوگوں کی محویت کا عالم اور کیفیت کا ذکر تھا کہ باوجود بعض لوگوں کے عربی نہ جاننے کے وہ سمجھ میں آ رہا تھا۔ **(حق بات یہ ہے کہ اس کا عجیب ہی اثر تھا جو ضبط تحریر میں نہیں آ سکتا)۔** دوران خطبہ میں کوئی شخص کھانسا تک نہیں تھا...... مولوی عبدالکریم صاحب زبان سے بہت مذاق رکھتے تھے۔ اس لئے **خطبے کی بعض عبارتوں پر جھومتے اور وجد میں آ جاتے تھے اور سناتے رہتے تھے۔**

(رفقاء احمد از ملک صلاح الدین صاحب جلد چہارم ص199)

ایک اور جگہ بیان فرماتے ہیں۔

''جالندھر میں ہی حضور ایک دفعہ خدا تعالیٰ کی وحدانیت پر تقریر فرما رہے تھے۔ اس وقت ایک انگریز بعد میں معلوم ہوا کہ سپرنٹنڈنٹ پولیس تھا آ گیا اور ٹوپی اتار کر سلام کیا۔ حضور کی تقریر سننے کے لئے کھڑا رہا اور باوجودیکہ اس کے بیٹھنے کے لئے کرسی وغیرہ بھی منگوائی گئی تھی۔ مگر وہ نہیں بیٹھا **اور یہ عجیب بات تھی کہ وہ تقریر سنتا ہوا سبحان اللہ، سبحان اللہ کہتا تھا۔** تھوڑا عرصہ تقریر سن کر سلام کر کے وہ چلا گیا۔ اس کے بعد قریباً دوسرے تیسرے دن جب حضور سیر کو تشریف لے جاتے تو ایسا اتفاق ہوتا کہ وہ راستے میں گھوڑے پر سوار مل جاتا اور گھوڑے کو ٹھہرا کر ٹوپی اتار کر سلام کرتا''۔

(رفقاء احمد جلد چہارم ص156)

معترض لاجواب سا کچھ ہے

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی حضرت مسیح موعود سے متعلق اپنی روایات میں تحریر فرماتے ہیں:۔

''حضور میں یہ ایک خاص بات ہم نے دیکھی کہ اگر معترض کے پاس اعتراض کے لئے کافی الفاظ نہ ہوتے تھے تو حضور اس کو اظہار مدعا میں مدد دیتے تھے۔ حتیٰ کہ معترض سمجھتا کہ اب جواب نہیں ہو سکے گا۔ پھر حضور جب جواب دیتے **تو سماں بندھ جاتا۔**

(رفقاء احمد جلد چہارم از ملک صلاح الدین صاحب ص219)

لفظ لفظ آسماں سے اُترا ہے

حضرت اقدس مسیح موعود خطبہ الہامیہ سے متعلق اپنی کتاب ''حقیقۃ الوحی'' میں تحریر فرماتے ہیں:۔

''11 اپریل 1900ء کو عید الاضحیٰ کے دن صبح کے وقت مجھے الہام ہوا کہ آج تم عربی میں تقریر کرو۔ تمہیں قوت دی گئی اور نیز یہ الہام ہوا...... یعنی اس کلام میں خدا کی طرف سے فصاحت بخشی گئی ہے...... تب میں عید کی نماز کے بعد عید کا خطبہ عربی زبان میں پڑھنے کے لئے کھڑا ہو گیا اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ غیب سے مجھے ایک قوت دی گئی اور وہ فصیح تقریر عربی میں **فی البدیہہ میرے منہ سے نکل رہی تھی کہ میری طاقت سے بالکل باہر تھی** اور میں نہیں خیال کر سکتا کہ ایسی تقریر جس کی ضخامت کئی جزو تک تھی۔ ایسی فصاحت اور بلاغت کے ساتھ بغیر اس کے کہ اول کسی کاغذ میں قلمبند کی جائے، کوئی شخص دنیا میں بغیر خاص الہام الٰہی کے بیان کر سکے۔ جس وقت یہ عربی تقریر جس کا نام خطبہ الہامیہ رکھا گیا، لوگوں میں سنائی گئی اس وقت حاضرین کی تعداد شاید دو سو کے قریب ہو گئی۔ سبحان اللہ اس وقت ایک غیبی چشمہ کھل رہا تھا۔ مجھے معلوم نہیں کہ میں بول رہا تھا یا میری زبان سے کوئی فرشتہ کلام کر رہا تھا۔ کیونکہ میں جانتا تھا کہ **اس کلام میں میرا دخل نہ تھا۔ خود بخود بنے بنائے فقرے میرے منہ سے نکلتے جاتے تھے** اور ہر ایک فقرہ میرے لئے ایک نشان تھا۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص375)

جب حضرت مسیح موعود خطبہ پڑھ کر بیٹھ گئے تو اکثر احباب کی درخواست پر مولانا مولوی عبدالکریم صاحب اس کا ترجمہ سنانے کے لئے کھڑے ہوئے۔...... ابھی مولانا عبدالکریم صاحب ترجمہ سنا ہی رہے تھے کہ حضرت اقدس فرط جوش کے ساتھ سجدہ شکر میں جا پڑے۔ حضور کے ساتھ تمام حاضرین نے سجدۂ شکر ادا کیا۔ سجدہ سے سر اٹھا کر حضرت اقدس نے فرمایا۔

''ابھی میں نے سرخ الفاظ میں لکھا دیکھا ہے کہ **''مبارک''**۔ یہ گویا قبولیت کا نشان ہے''۔

(ملفوظات جلد دوم ص29)

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''ہمارے بھائی مرزا غلام قادر صاحب مرحوم کی وفات سے ایک دن پہلے الہام ہوا **''جنازہ''**۔ اور میں نے اس الہام کی بہت لوگوں کو خبر دے دی۔ چنانچہ دوسرے روز بھائی صاحب فوت ہوئے۔

(نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 ص603)

پھر تحریر فرماتے ہیں:۔

''آج 2 جون 1900ء کو بروز شنبہ بعد دو پہر دو بجے کے وقت مجھے تھوڑی سی غنودگی کے ساتھ ایک ورق جو نہایت سفید تھا، دکھلایا گیا۔ اس کی آخری سطر میں لکھا تھا **''اقبال''**۔ میں خیال کرتا ہوں کہ آخر سطر میں یہ لفظ لکھنے سے انجام کی طرف اشارہ تھا۔ یعنی انجام باقبال ہے''۔ (تذکرہ۔ الہامات سال 1900ء)

پھر فرماتے ہیں:۔

''کل ایک دوائی میں استعمال کرنے لگا تو الہام ہوا **''خطرناک''**۔

(تذکرہ ص635)

پھر فرماتے ہیں:۔

''میں بڑے دعویٰ اور استقلال سے کہتا ہوں کہ میں سچ پر ہوں اور خدائے تعالیٰ کے فضل سے اس میدان میں میری ہی فتح ہے اور جہاں تک میں دوربین نظر سے کام لیتا ہوں تمام دنیا اپنی سچائی کی تحت اقدام دیکھتا ہوں اور قریب ہے کہ میں ایک عظیم الشان فتح پاؤں۔ **کیونکہ میری زبان کی تائید میں ایک اور زبان بول رہی ہے اور میرے ہاتھ کی تقویت کے لئے ایک اور ہاتھ چل رہا ہے جس کو دنیا نہیں دیکھتی مگر میں دیکھ رہا ہوں۔ میرے اندر ایک آسمانی روح بول رہی ہے جو میرے لفظ لفظ اور حرف حرف کو زندگی بخشتی ہے''۔**

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص403)

قرب بھی بے حساب سا کچھ ہے

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی اپنی روایات بابت حضرت اقدس مسیح موعود میں بیان فرماتے ہیں:۔

''ہم حضور کے ادنیٰ خادم اور غلام تھے۔ لیکن ہمارا معاملہ حضور کے ساتھ بہت دفعہ بے تکلف دوستوں کا سا بھی ہوتا اور حضور ہماری باتوں پر ہنستے رہتے۔ مثلاً حضرت صاحب کوئی تصنیف فرما رہے ہیں اور کسی کو ملاقات کی اجازت نہیں ہے۔ مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم مجھ سے کہتے ہیں کہ ہمارے لئے روک نہیں ہے۔ حضور بڑی خوشی سے آنے دیتے ہیں۔

حضرت شیخ محمد احمد صاحب مظہر بیان کرتے ہیں۔ گورداسپور کا مقام ہے۔ بارش ہو رہی ہے۔ ضروری کاموں کی انجام دہی کے بعد بہت رات گئے والد صاحب حضرت منشی ظفر احمد صاحب آتے ہیں۔ حضور ایک کمرہ میں مع خدام فروکش ہیں۔ سب سو رہے ہیں۔ کوئی چارپائی خالی نہیں۔ حضور والد صاحب کو دیکھ کر اپنی چارپائی کو تھپک کر ارشاد فرماتے ہیں کہ **یہاں آ جاؤ اور اپنا لحاف والد صاحب پر ڈال دیتے ہیں۔**

(رفقاء احمد۔ جلد چہارم)

حضرت میر حامد شاہ صاحب سیالکوٹی نے ایک واقعہ اپنی ذات کے متعلق تحریر فرمایا۔

''ابتدائی زمانہ کا واقعہ ہے اور ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ اس عاجز نے حضور مرحوم و مغفور کی خدمت میں قادیان میں کچھ عرصہ قیام کے بعد رخصت حاصل کرنے کے واسطے عرض کیا۔ حضور اندر تشریف رکھتے تھے اور چونکہ حضور کی رأفت و رحمت بے پایاں نے خادموں کو اندر پیغام بھجوانے کا موقع دے رکھا تھا اس

واسطے اس عاجز نے اجازت طلبی کے واسطے پیغام بھجوایا۔ حضور نے فرمایا کہ ”وہ ٹھہریں ہم ابھی باہر آتے ہیں“۔

یہ سن کر میں بیرونی میدان میں گول کمرہ کے ساتھ کی مشرقی گلی کے سامنے کھڑا ہوگیا اور باقی احباب بھی یہ سن کر کہ حضور باہر تشریف لاتے ہیں پروانوں کی طرح ادھر ادھر سے اس شمع انوار الٰہی پر جمع ہونے کے لئے آ گئے۔ یہاں تک کہ حضرت سیدنا مولانا نورالدین صاحب بھی تشریف لے آئے اور احباب کی جماعت اکٹھی ہوگئی۔ تاہم سب کچھ دیر انتظار میں خم برسرراہ رہے کہ حضور اندر سے برآمد ہوئے۔ خلاف معمول کیا دیکھتا ہوں کہ حضور کے ہاتھ میں دودھ کا بھرا ہوا لوٹا ہے اور گلاس شاید حضرت میاں صاحب کے ہاتھ میں ہے اور مصری رومال میں ہے۔ حضور گول کمرے کی مشرقی گلی سے برآمد ہوتے ہی فرماتے ہیں کہ شاہ صاحب کہاں ہیں۔ میں سامنے حاضر تھا۔ فی الفور آگے بڑھا اور عرض کیا حضور حاضر ہوں۔ حضور کھڑے ہوگئے اور مجھ کو فرمایا کہ بیٹھ جاؤ۔ میں اسی وقت زمین پر بیٹھ گیا۔ گلاس میں دودھ ڈالا گیا اور مصری ملائی گئی۔ مجھے اس وقت یہ یاد نہیں رہا کہ حضرت محمود نے میرے ہاتھ میں گلاس دودھ بھرا دیا یا خود حضور نے۔ مگر یہ ضرور ہے کہ حضرت محمود اس کرم فرمائی میں شریک تھے۔ صورت یہ تھی کہ حضرت نے مصری گھول کر لوٹے میں ڈالی اور اس کو ہلایا اور گلاس میں دودھ ڈال کر اچھی طرح سے ہلایا۔ پھر حضرت گلاس میں ڈالتے اور گلاس حضرت محمود کے ہاتھ میں ہوتا۔ **پھر حضرت گلاس لے کر میر صاحب کو دیتے۔** بعض دوستوں نے خود یہ کام کرنا چاہا مگر حضرت نے فرمایا نہیں نہیں کچھ حرج نہیں)۔ میں نے جب وہ گلاس پی لیا تو پھر دوسرا گلاس پُر کر کے عنایت فرمایا گیا۔ میں نے وہ بھی پی لیا۔ گلاس بڑا تھا۔ میرا پیٹ بھر گیا۔ پھر اسی طرح تیسرا گلاس بھرا گیا۔ میں نے بہت شرمگین ہو کر عرض کیا کہ حضور اب تو پیٹ بھر گیا ہے۔ فرمایا ایک اور پی لو۔ میں نے وہ تیسرا گلاس بھی پی لیا۔ پھر حضور نے اپنی جیب خاص سے چھوٹی چھوٹی بسکٹیں نکالیں اور فرمایا کہ جیب میں ڈال لو۔ راستہ میں اگر بھوک لگی تو یہ کھانا۔ میں نے وہ جیب میں ڈال لیں۔ حضرت محمود لوٹا اور گلاس لے کر اندر تشریف لے گئے اور حضور نے فرمایا کہ **چلو آپ کو چھوڑ آئیں**۔ میں نے عرض کیا کہ حضور اب میں سوار ہوجاتا ہوں اور چلا جاؤں گا۔ حضور تکلیف نہ فرمائیں۔ **مگر اللہ رے کرم و رحم کہ حضور مجھ کو ساتھ لے کر روانہ ہو پڑے۔** باقی احباب جو موجود تھے ساتھ ہولئے اور یہ پاک مجمع اسی طرح اپنے آقا مسیح موعود کی محبت میں اس عاجز کے ہمراہ روانہ ہوا۔ حضور حسب عادت مختلف تقاریر فرماتے ہوئے آگے آگے چلتے رہے۔ یہاں تک کہ بہت دور نکل گئے۔ تقریر فرماتے تھے اور آگے بڑھتے جاتے تھے۔ یہاں تک کہ حضرت سیدنا و مولانا مولوی نورالدین صاحب نے قریب آ کر مجھے کان میں فرمایا کہ آگے ہو کر عرض کرو اور رخصت لو۔ جب تک تم اجازت نہ مانگو گے حضور آگے بڑھتے چلے جائیں گے۔ میں حسب ارشاد والا آگے بڑھا اور عرض کیا کہ حضور اب سوار ہوتا ہوں۔ حضور تشریف لے جائیں۔ **اللہ اللہ کس لطف سے اور مسکراتے ہوئے فرمایا ”اچھا ہمارے سامنے سوار ہو جاؤ“۔** میں یکہ پر بیٹھ گیا اور سلام عرض کیا تو پھر حضور واپس ہوئے۔

(سیرت حضرت مسیح موعود۔ جلد اول ص136 از حضرت یعقوب علی صاحب عرفانی)

حضرت مفتی محمد صادق صاحب اپنی کتاب ذکر حبیب میں تحریر کرتے ہیں:۔

”اگر کوئی دوست اپنی کوئی نظم یا تصنیف سنانا چاہتے تو مجلس میں سن لیتے تھے۔ نظم میں اگر کچھ خامیاں یا غلطیاں ہوتیں تو کچھ گرفت نہ کرتے تھے۔ ایک دفعہ ایک احمدی عبدالرحمان نام فرید آبادی نے اپنی نظم سنائی۔ جس سے مجلس میں سب لوگ بہت ہنسے اور **حضرت صاحب بھی ہنستے رہے۔**

(ذکر حبیب۔ تصنیف مفتی محمد صادق صاحب ص34)

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی اپنی روایات بابت حضرت مسیح موعود میں بیان کرتے ہیں:۔

”آپ کی عادت تھی کہ مہمانوں کے لئے دوستوں سے پوچھ پوچھ کر عمدہ سے عمدہ کھانے پکواتے کہ کوئی عمدہ کھانا بتاؤ جو دوستوں کے لئے پکوایا جائے۔ حکیم حسام الدین صاحب سیالکوٹی، میر حامد شاہ صاحب مرحوم کے والد تھے۔ ضعیف العمر آدمی تھے۔ ان کو بلایا اور فرمایا کہ **میر صاحب کوئی عمدہ کھانا بتلایئے جو مہمانوں کے لئے پکوایا جائے۔** انہوں نے کہا میں شب دیگ بہت عمدہ پکوانی جانتا ہوں۔ آپ نے فرمایا بہت اچھا اور ایک مٹھی روپوں کی نکال کر ان کے آگے رکھ دی۔ انہوں نے بقدر ضرورت روپے اٹھا لئے اور آ کر انہوں نے بہت سے شلجم منگوائے اور چالیس پچاس کے قریب کھونٹیاں لکڑی کی بنوائیں۔ شلجم چھلوا کر کھونٹیوں سے کوچے لگوانے شروع کئے اور ان میں مصالحہ اور زعفران وغیرہ ایسی چیزیں بھروائیں، پھر وہ دیگ پکوائی جو واقعہ میں بہت لذیذ تھی **اور حضرت صاحب نے بھی بہت تعریف فرمائی اور مہمانوں کو کھلائی گئی۔**

(رفقاء احمد۔ جلد چہارم ص184)

حضرت سیدہ محترمہ خیر النساء صاحبہ بنت حضرت سید ڈاکٹر عبدالستار شاہ صاحب سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کی شفقت اور محبت اور تواضع سے متعلق بیان کرتی ہیں۔

”ایک دفعہ بارش سخت ہو رہی تھی اور کھانا لنگر میں میاں نجم الدین صاحب پکایا کرتے تھے۔ انہوں نے کھانا حضور اور بچوں کے واسطے بھجوایا کہ بچے سو نہ جائیں۔ باقی کھانا بعد میں بھجوادیں گے۔ حضور نے دریافت فرمایا کہ **”شاہ جی کے بچوں کا کھانا بھجوادیا ہے یا نہیں؟** جواب ملا۔ ”نہیں“۔ ان دنوں دادی مرحومہ وہاں رہا کرتی تھیں۔ حضور نے کھانا اٹھوا کر ان کے ہاتھ بھجوایا اور فرمایا کہ **”پہلے شاہ جی کے بچوں کو دو، بعد میں ہمارے بچے کھالیں گے“۔**

(کتاب حضرت ڈاکٹر عبدالستار شاہ صاحب شائع کردہ خدام الاحمدیہ پاکستان۔ ص171)

شرم سی کچھ حجاب سا کچھ ہے

حضرت خان صاحب منشی برکت علی صاحب شملوی سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود سے متعلق اپنی روایات میں بیان فرماتے ہیں۔

”حضرت مسیح موعود کئی دفعہ (بیت الذکر) میں تشریف فرما ہوتے تو دل میں خیال آتا کہ آپ کی طرف اچھی طرح ٹکٹکی لگا کر دیکھوں۔ چنانچہ کئی دفعہ نظر اٹھائی مگر ٹکٹکی لگا کر نہ دیکھ سکا۔ جونہی میں آپ کے چہرے کی طرف دیکھتا۔ یوں محسوس ہوتا کہ حضور میرے دل کو دیکھ رہے ہیں۔ میں نہیں چاہتا تھا کہ میرے دل کے گناہ حضور پر ظاہر ہوں۔ اس لئے میں فوراً آنکھیں نیچی کر لیتا“۔

پھر فرماتے ہیں:۔

”میں نے محفل میں حضرت مسیح موعود کو دیکھا کہ حضور کی آنکھیں نیچے جھکی ہوئی ہوتی تھیں اور قریباً بند معلوم ہوتی تھیں۔ مگر جب کسی وقت حضور میری طرف نظر اٹھا کر دیکھتے تھے تو میں برداشت نہیں کرسکتا تھا اور اپنی نظر نیچی کر لیتا تھا۔

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:۔

”خدام کے قلوب میں حضور کی جو محبت تھی اس کو وہی جان سکتے ہیں جنہوں نے ان محفلوں کا لطف اٹھایا۔ خدام پروانہ وار نثار ہوتے تھے۔ کوئی ہاتھ چومتا۔ کوئی جسم مطہر کو ہاتھ لگا کر سینے اور ہاتھوں پر ملتا۔ کوئی ہاتھ پاؤں یا کندھے دباتا۔ غرض ہر ایک اپنی اپنی محبت کے اظہار کے لئے علیحدہ علیحدہ راہیں تجویز کرتا۔ میں نے خیال کیا کہ میں اس شرف سے کیوں محروم رہوں۔ چنانچہ میں ایک دن آگے بڑھا اور آپ کا پاؤں مبارک دبانے لگا۔ آپ خاموش بیٹھے رہے۔ **یعنی میری اس جرأت پر کچھ نہیں فرمایا اور میں پاؤں دباتا رہا۔**

(رفقاء احمد جلد سوم ص192,191)

حسن خود بے نقاب سا کچھ ہے

حضرت پیر سید سراج الحق صاحب نعمانی بیان کرتے ہیں کہ:

ایک روز کا ذکر ہے کہ صبح کے چار بجے تھے۔ گلابی موسم تھا۔ خاکسار اور منشی محمد خاں مرحوم عاشق مسیح موعود اور منشی ظفر احمد صاحب ساکنان کپورتھلہ اور حافظ احمد اللہ خان صاحب ناگپوری و یشوری و دیگر دو تین رفقاء (بیت الذکر) میں بیٹھے تسبیح، تہلیل اور درود و استغفار میں مشغول تھے۔ کسی نے (نداء) خوش الحانی سے دی۔ جب وہ (نداء) ختم کر چکا تو میرے دل میں ایک جوش پیدا ہوا۔ تو میں نے آہستہ آہستہ حضرت مسیح موعود کے اشعار خوش الحانی سے پڑھنے شروع کئے تو عاشق مسیح موعود محمد خان صاحب نے زور سے پڑھنے کے لئے فرمایا۔ چونکہ مرحوم کا اور میرا گہرا تعلق تھا اور ساتھ ہی بے تکلفی تھی ان کے ذوق قلبی اور فرمانے پر میں نے وہی اشعار زور سے پڑھے اور وہ اشعار ہیں۔

می درخشم چوں قمر تابم چو قرص آفتاب
کور چشم آنانکہ در انکار ہا افتادہ اند
بشنوید اے طالباں کزغیب بکند ایں ندا
مصلحے باید کہ در ہرجا مفاسد زادہ اند

ترجمہ:۔ **میں چاند کی طرح درخشاں ہوں اور آفتاب کی مانند چمک رہا ہوں۔** اندھا تو وہ ہے جو انکار میں مبتلا ہے۔ اے طالبو سنو کہ غیب سے یہ صدا آرہی ہے۔ ایک مصلح ہونا چاہئے کہ ہر جگہ فساد پیدا ہوگیا ہے۔

حافظ غلام محی الدین صاحب مرحوم جو بڑے مخلص احمدی تھے اور رات دن حضرت مسیح موعود کی خدمت اور کاروبار کے لئے مستعد اور کمربستہ بڑے شوق سے رہتے تھے آ گئے ...... جب دوسرا شعر پڑھا تو حضرت مسیح موعود نے بیت الفکر کی دریچی یعنی کھڑی سے **چہرہ منور چمکتا ہوا نکالا** اور دست مبارک میں **لالٹین** روشن شدہ تھی اور ایک لیمپ بیت الذکر میں روشن تھا۔ اللہ اکبر اس وقت کا منظر کیا ہی مبارک اور دلکش تھا۔ عین میں دوسرے شعر کے مصرعہ اول کے مطابق

ع

می درخشم چوں قمر تابم چو قرص آفتاب

آنکھیں چکا چوند ہوگئیں۔ محمد خاں مرحوم کی تو وجد کی حالت طاری ہوگئی اور ہم سب پر ایک عجیب حالت طاری تھی۔ ایک طرف استیلائے محبت اور ایک طرف استغراق محو نظارہ میں خاموش ہو رہا۔ آپ بیٹھ گئے۔ فرمایا صاحبزادہ صاحب چپ کیوں ہوگئے پڑھو۔ پھر میں نے مکرر سہ مکرر ان اشعار کو پڑھا۔ آپ سن کر محظوظ ہوئے اور فرمایا۔ جزاک اللہ احسن الجزاء۔ اس کے بعد نماز ادا کی۔ (رفقاء احمد جلد چہارم ص57,56)

آئینہ آفتاب سا کچھ ہے

حضرت مسیح موعود کے ایک خادم فضل الدین صاحب المعروف فجا نے ایک روایت سنائی کہ ایک دفعہ اتفاقاً ایک لیمپ میں تیل ڈالتے ہوئے میرے کپڑوں کو آگ لگ گئی۔ میرا بہت سا جسم جل گیا اور ڈاکٹر یعقوب بیگ صاحب کہنے لگے کہ یہ بیس منٹ سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکتا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرمانے لگے کہ ایک گھنٹہ بمشکل زندہ رہے گا۔

حضرت مسیح موعود فرمانے لگے کہ ”میں نے ابھی رویا دیکھا ہے اور اس کو باغ میں دیکھا ہے“ مطلب یہ ہے کہ اولا د والا ہوگا...... **پھر حضور نے میرے لئے ساری رات دعا کی** اور حضرت اماں جان اور دو اور عورتوں کو پاس باری باری بٹھایا اور **ساری رات میرے لئے دعا کی** اور آخر اللہ تعالیٰ نے مجھے موت

سے نجات بخشی اور شفا عطا فرمائی''۔

(تذکرہ ص816 مطبوعہ 1962ء)

مکرم چوہدری غلام محمد صاحب اپنی روایات بابت حضرت خلیفۃ المسیح الاول میں بیان فرماتے ہیں:۔

''چودھری حاکم دین صاحب مرحوم کی بیوی کو پہلے بچے کی پیدائش کے وقت سخت تکلیف ہوئی۔ آپ رات کے گیارہ بجے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے گھر گئے۔ آپ نے چوکیدار سے پوچھا کہ کیا میں حضور کو اس وقت مل سکتا ہوں۔ اس نے نفی میں جواب دیا۔ لیکن اندرون خانہ میں حضور نے آواز سن لی اور پوچھا کون ہے۔ چوکیدار نے عرض کی کہ چوہدری حاکم دین صاحب ملازم بورڈنگ ہیں۔ فرمایا آنے دو۔ آپ اندر چلے گئے اور زچگی کی تکلیف کا ذکر کیا۔ حضور اندر جا کر ایک کھجور لے آئے اور اس پر کچھ پڑھ کر پھونکا اور چودھری صاحب کو دے کر فرمایا کہ یہ اپنی بیوی کو کھلا دیں اور جب بچہ پیدا ہوجائے تو مجھے بھی اطلاع دیں۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ تھوڑی ہی دیر کے بعد بچی پیدا ہوگئی۔ چودھری صاحب نے کہا کہ اب دوبارہ حضور کو جا کر جگانا مناسب نہیں۔ اس لئے وہ سو رہے۔ صبح کی (نداء) کے وقت وہ حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت مولوی صاحب اس وقت وضو کر رہے تھے۔ چودھری صاحب نے عرض کی کھجور کھلانے کے بعد بچی پیدا ہوگئی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ بچی پیدا ہونے کے بعد تم میاں بیوی آرام سے سو رہے۔ اگر مجھے بھی اطلاع دے دیتے۔ تو میں بھی آرام سے سو رہتا۔ **میں تمام رات تمہاری بیوی کے لئے دعا کرتا رہا ہوں۔**

(رفقاء احمد جلد ہشتم)

یہ جواب الجواب سا کچھ ہے

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی اپنی روایات میں بیان فرماتے ہیں:۔

''ایک دفعہ حضرت مسیح موعود بیت اقصیٰ سے ظہر کی نماز پڑھ کر آرہے تھے۔ پیچھے سے میراں بخش جو مخبوط الحواس تھا آرہا تھا۔ اس نے آواز دی **''او غلام احمد''۔** آپ اسی وقت کھڑے ہوگئے اور فرمایا ''جی''۔

پھر فرماتے ہیں:۔

''ایک دفعہ چندو لعل نے حضرت صاحب کے الہام **''انی مھین من اراد اھانتک''** کے متعلق سوال کیا کہ یہ خدا نے آپ کو بتایا ہے؟ آپ نے فرمایا یہ اللہ کا کلام ہے اور اس کا مجھ سے وعدہ ہے۔ وہ کہنے لگا جو آپ کی ہتک کرے وہ ذلیل و خوار ہوگا۔ آپ نے فرمایا بیشک۔ اس نے کہا اگر میں کروں۔ آپ نے فرمایا چاہے کوئی کرے۔ تو اس نے دو تین دفعہ کہا اگر میں کروں آپ یہی فرماتے رہے۔ **چاہے کوئی کرے۔** پھر وہ خاموش ہوگیا۔

(رفقاء احمد۔ جلد چہارم)

حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب اپنی روایات بابت حضرت مسیح موعود میں تحریر فرماتے ہیں:۔

''میرٹھ سے احمد حسین شوکت نے ایک اخبار شحنہ ہند جاری کیا ہوا تھا۔ یہ شخص اپنے آپ کو مجدد السنہ مشرقیہ کہا کرتا تھا۔ حضرت مسیح موعود کی مخالفت میں اس نے اپنے اخبار کا ایک ضمیمہ جاری کیا۔ جس میں ہر قسم کے گندے مضامین مخالفت میں شائع کرتا اور اس طرح پر جماعت کی دلآزاری کرتا۔ میرٹھ کی جماعت کو خصوصیت سے تکلیف ہوتی کیونکہ وہاں ہی سے وہ گندہ پرچہ نکلتا تھا۔ 2/اکتوبر 1902ء کا واقعہ ہے کہ میرٹھ کی جماعت کے پریذیڈنٹ جناب شیخ عبدالرشید صاحب جو ایک معزز زمیندار اور تاجر ہیں تشریف فرما تھے۔ حضرت اقدس کی خدمت میں عرض کیا کہ میں نے ارادہ کیا ہے کہ ضمیمہ شحنہ ہند کے توہین آمیز مضامین پر عدالت میں نالش کردوں۔ حضرت حجۃ اللہ نے فرمایا **''ہمارے لئے خدا کی عدالت کافی ہے۔ یہ گناہ میں داخل ہوگا اگر ہم خدا کی تجویز پر تقدم کریں۔ اس لئے ضروری ہے کہ صبر اور برداشت سے کام لیں''۔**

مزید لکھتے ہیں:۔

''ڈاکٹر ہنری مارٹن کلارک جو امرتسر کے میڈیکل مشن کے مشنری تھے اور مباحثہ آتھم میں عیسائیوں کی جانب سے پریذیڈنٹ تھے۔ ایک دن خود بھی مناظر رہے۔ انہوں نے 1897ء میں حضرت مسیح موعود کے خلاف ایک مقدمہ اقدام قتل کا دائر کیا۔ یہ مقدمہ کچھ عرصہ تک چلتا رہا اور بالآخر محض جھوٹا اور بناوٹی پایا گیا اور حضرت اقدس عزت کے ساتھ اس مقدمے میں بری ہوئے۔ میں جو اس مقدمے کو شائع کرنے والا ہوں اور ایک عینی شاہد ہوں۔ اس وقت عدالت میں موجود تھا جب کپتان ڈگلس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ گورداسپور نے حضرت اقدس کو مخاطب کر کے کہا کہ کیا آپ چاہتے ہیں کہ ڈاکٹر کلارک پر مقدمہ چلائیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو آپ کو حق ہے۔

حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''میں کوئی مقدمہ نہیں کرنا چاہتا۔ میرا مقدمہ آسمان پر دائر ہے''۔

(سیرت مسیح موعود از حضرت یعقوب علی عرفانی ص114,113)

آسماں ہمرکاب سا کچھ ہے

سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''سو راستباز بنو! اور تقویٰ اختیار کرو! تا بچ جاؤ۔ آج خدا سے ڈرو تا اس دن کے ڈر سے امن میں رہو۔ **ضرور ہے کہ آسمان کچھ دکھاوے** اور زمین کچھ ظاہر کرے۔ لیکن خدا سے ڈرنے والے بچائے جائیں گے۔ خدا کا کلام مجھے فرماتا ہے کہ کئی حوادث ظاہر ہوں گے اور کئی آفتیں زمین پر اتریں گی۔ کچھ تو ان میں سے میری زندگی میں ظہور میں آجائیں گی اور کچھ میرے بعد ظہور میں آئیں گی اور وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دے گا۔ کچھ میرے ہاتھ سے اور کچھ میرے بعد۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد20 ص303)

پھر فرماتے ہیں:۔

''میں نامرادی کے ساتھ ہرگز قبر میں نہیں اتروں گا۔ کیونکہ میرا خدا میرے ہر قدم میں میرے ساتھ ہے اور میں اس کے ساتھ ہوں اور میرے اندرون کا جو اس کو علم ہے کسی کو بھی علم نہیں۔ اگر سب لوگ مجھے چھوڑ دیں تو خدا ایک اور قوم پیدا کرے گا جو میرے رفیق ہوں گے۔ نادان مخالف خیال کرتا ہے کہ میرے مکروں اور منصوبوں سے یہ بات بگڑ جائے گی اور سلسلہ درہم برہم ہوجائے گا۔ مگر یہ نادان نہیں جانتا کہ **جو آسمان پر قرار پاچکا ہے زمین کی طاقت میں نہیں کہ اس کو محو کرسکے۔** میرے خدا کے آگے زمین و آسمان کانپتے ہیں۔ خدا وہی ہے جو میرے پر اپنی پاک وحی نازل کرتا ہے اور غیب کے اسرار سے مجھے اطلاع دیتا ہے۔ اس کے سوا کوئی خدا نہیں اور ضروری ہے کہ وہ اس سلسلہ کو چلاوے اور بڑھاوے اور ترقی دے۔ جب تک وہ پاک اور پلید میں فرق کر کے نہ دکھلاوے۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد21 ص294)

پھر تحریر فرماتے ہیں:۔

''آسمان پر ایک جوش اور ابال پیدا ہوا ہے جس نے ایک پتلی کی طرح اس مشت خاک کو کھڑا کردیا ہے۔ ہر یک وہ شخص جس پر توبہ کا دروازہ بند نہیں۔ عنقریب دیکھ لے گا کہ میں اپنی طرف سے نہیں ہوں۔ کیا وہ آنکھیں بینا ہیں جو صادق کو شناخت نہیں کرسکتیں؟ کیا وہ بھی زندہ ہے جس کو اس **آسمانی صدا** کا احساس نہیں''۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد3 ص403)

پھر سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود اپنے منظوم کلام میں فرماتے ہیں:۔

آسماں میرے لئے تو نے بنایا اک گواہ
چاند اور سورج ہوئے میرے لئے تاریک و تار
آسماں پر دعوت حق کے لئے اک جوش ہے
ہو رہا ہے نیک طبعوں پر فرشتوں کا اتار
آسماں سے ہے چلی توحید خالق کی ہوا
دل ہمارے ساتھ ہیں گو منہ کریں بک بک ہزار
اسمعوا صوت السماء جاء المسیح جاء المسیح
نیز بشنو از زمیں آمد امام کامگار
آسمان بارد نشان الوقت می‌گوید زمیں
ایں دو شاہد از پئے من نعرہ زن چوں بیقرار
میں وہ پانی ہوں کہ آیا **آسماں** سے وقت پر
میں وہ ہوں نور خدا جس سے ہوا دن آشکار

(درثمین)

حضرت مفتی محمد صادق صاحب اپنی کتاب ''ذکر حبیب'' میں تحریر کرتے ہیں:۔

حضرت مسیح موعود نے فرمایا **یہ آسمانی کام ہے اور آسمانی کام رک نہیں سکتا۔** اس معاملہ میں ہمارا قدم ایک ذرہ بھی درمیان میں نہیں۔

(ذکر حبیب از مفتی محمد صادق صاحب ص225,224)

مکرم طاہر احمد صدیقی صاحب

میرے والد محترم محمود احمد صدیقی

میرے والد محترم محمود احمد صدیقی صاحب حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت بابو مولوی فخر الدین صاحب گھوگھیاٹ میانی کے پوتے اور حکیم محمد صدیق میانوی رفیق حضرت مسیح موعود کے بیٹے تھے۔

ابتدائی تعلیم قادیان سے حاصل کی۔ آپ کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے کلاس فیلو ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔ تقسیم ہند کے بعد واپس اپنے آبائی گاؤں گھوگھیاٹ سے منسلک قصبہ میانی میں رہائش اختیار کرلی۔ قریبی گاؤں کلیان پور میں بحیثیت سیکرٹری یونین کونسل سرکاری ملازمت اختیار کرلی۔ آپ بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ دینی علم کے علاوہ بہت سے دنیاوی علوم خاص طور پر اردو ادب انگریزی ادب میں مہارت رکھتے تھے۔ دور دور سے لوگ آپ سے علمی فیض حاصل کرنے آتے تھے۔ قصبہ میانی میں اپنی علم و معرفت تدبر اور شرافت کی وجہ سے ہر دلعزیز تھے۔ آپ میڈیکل پریکٹس بھی کرتے تھے۔ لوگ علاج کی غرض سے آپ کے پاس اس لئے آتے کہ انہیں آپ کے ہاتھوں شفا کا یقین تھا۔

احمدیت سے حد درجے کا عشق تھا۔ 1974ء میں جب مخالفت زوروں پر تھی ایک روز شرپسندوں نے ہمارے گھر پر جلوس کی شکل میں حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ ہم سب بہن بھائی بہت چھوٹے تھے۔ میری عمر گیارہ سال تھی جلوس ہمارے گھر سے اتنا قریب آگیا کہ ہمیں ان کے نعروں کی آوازیں آنا شروع ہوگئیں۔ ابا جان ہم سب کو چھت پر لے گئے۔ ہمیں دعاؤں کی تلقین کرتے جاتے۔ جلوس کا مقابلہ کرنے کے لئے بہت سے پتھر لکڑیاں اور دوسری چیزیں اکٹھی کرلیں اور ہم سب کو کہنے لگے کہ جب جلوس ہمارے گھر کے سامنے آئے تو اوپر سے اس پر چیزیں پھینکنا شروع کردیں۔ آج میں اس عظیم باپ کے بارے میں سوچ کر حیرت میں پڑ جاتا ہوں جس نے اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود کے عشق اور احمدیت سے وفا پر دلیری، بہادری اور ثابت قدمی کا وہ نمونہ دکھایا جو اپنی مثال آپ ہے۔ جلوس کو خدا تعالیٰ کے رحم و کرم سے ہمارے گھر تک آنے کی جرأت نہ ہوئی۔ بعد میں پتہ چلا کہ لوگوں میں افواہ پھیل گئی کہ سیکرٹری صاحب (محمود احمد صدیقی) اپنی چھت پر اسلحہ اکٹھا کر کے مقابلہ کے لئے بیٹھے ہیں۔ سبحان اللہ سبحان اللہ مسیح الزماں کے غلاموں کے اس رعب اور دبدبہ نے مخالفین میں خوف و ہراس پیدا کردیا ورنہ ہم تو کنکریوں سے ہاتھیوں کا مقابلہ کرنے نکلے تھے۔

والد صاحب حد درجہ عاجز، منکسر المزاج، خاموش طبیعت کے مالک تھے۔ پس منظر میں رہتے ہوئے احمدیت کی خدمت کی۔ آخری عمر ربوہ میں گزاری۔ 1990ء میں دفتر الفضل میں جماعتی خدمت کرتے ہوئے رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں حرکت قلب بند ہوجانے پر اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ وفات کے وقت آپ کی عمر 67 برس تھی۔ ہمارے قصبہ میانی کے لوگ آج بھی آپ کا ذکر نہایت عقیدت اور احترام سے کرتے ہیں۔

آخر میں دعا ہے کہ خداوند تعالیٰ آپ کو اپنی رضا کی جنتوں کا وارث بنائے۔

ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

بچوں کی بیماری سے بحالی صحت تک

والدین کی ذمہ داریاں

بچوں کو چلتے پھرتے اور حرکت کرتے رہنے میں لطف آتا ہے۔ آزادرہ کر اپنے گردوپیش کی دنیا کو سمجھنا اور اس سے واقف ہونا ان کی فطرت کا سب سے بڑا تقاضا ہے۔ انہیں ہاتھ پیر چلتے رکھنے، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے اور ہر آن نئی چیز کو چھونے میں جو لطف آتا ہے۔ کسی اور بات میں نہیں آتا۔ اپنے آپ کو قوی محسوس کرنا ان کی بڑی خوشی ہے۔

بیماری کی دنیا بچے کے لئے بالکل انوکھی اور بڑی تکلیف دہ ہوتی ہے۔ اس دنیا میں اسے جن تجربات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ نہ ان کے معنی اس کی سمجھ میں آتے ہیں اور نہ وہ انہیں پسند کرتا ہے۔ اس کی ناک نزلے زکام سے بند ہے۔ اس کا سر بھاری ہے۔ اس کے پورے جسم میں درد ہے۔ وہ کمزوری اور تھکن محسوس کررہا ہے۔ بچے کے لئے یہ تمام عوامل بہت تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ یہ بھی ہے۔ کہ وہ اپنی بیماری کا مطلب نہیں سمجھتا۔ اس کی سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ جس طرح کا احساس اسے ہورہا ہے۔ اس کی وجہ آخر کیا ہے بیمار بچے کی پہلی ضرورت، اس کی جسمانی ضروریات کی طرف فوری توجہ ہے۔ لیکن اس سے بھی زیادہ ضرورت اس دلاسے اور تسلی و تشفی کی ہے۔ بچے کی یہ ضرورتیں محنت، مشقت اور اس سے بھی بڑھ کر صبر و تحمل کے بغیر پوری نہیں ہوسکتیں۔ ممکن ہے کہ بچے کی بیماری کے دوران ہونے والی یہ بے چینی اسے ہمیشہ کے لئے چڑچڑا اور ضدی بنادے۔

بچوں کی بیماری سے والدین پر جو مشکل ذمہ داری آجاتی ہے۔ وہ اس لئے زیادہ دشوار بن جاتی ہے کہ انہیں خود بھی یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کیا کریں۔ ان کے سامنے طرح طرح کے سوال آتے ہیں۔ ہم اس کی یہ تکلیف کس طرح دور کریں۔ اسے دوا پینے پر کس طرح آمادہ کریں۔ اس کے دل سے ڈاکٹر ہسپتال اور انجیکشن کا خوف کس طرح نکالیں۔

نیز یہ کہ جو بچہ عرصے سے بیمار ہے۔ اور جسے بیماری کی شدت نے لاغر اور لاچار کردیا ہے۔ اس کی آئندہ زندگی کو کس طرح خوشگوار بنائیں؟ اگر والدین یہ سمجھنے لگیں کہ بچے بیمار ضرور پڑیں گے۔ ان کی ہر بیماری عموماً چھوٹی اور عارضی ہوتی ہے۔ اگر کبھی کبھی شدید اور طویل ہو بھی تو موجودہ طب کے پاس اس کا آسان علاج موجود ہے۔ تو انہوں نے بیماری کے متعلق صحیح اور صحت مندانہ رویہ اختیار کیا ہے یہ رویہ یقیناً ان کے بچوں کے لئے بھی مفید ثابت ہوگا۔ انہیں دنیا غیر محفوظ نظر نہیں آئے گی۔ اس میں ہر طرف بیماریاں اور جراثیم ہی نہیں ہوں گے۔ بیماری کے غیر فطری خوف سے محفوظ رہ کر ہی وہ صحت کے دن مسرت سے گزار سکیں گے۔

اگر والدین بچے کی الجھن اور پریشانی کا سبب معلوم کرسکیں تو اس کی پریشانی دور کرنے میں کافی حد تک مدد دے سکتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وجہ کیسے معلوم کی جائے؟ اگر والدین بچے کی زندگی پر ہمدردی اور محبت سے نظر رکھنے کے عادی ہوں اور انہیں اس بات کا علم ہو کہ گھر والوں، دوستوں اور دوسرے ملنے والوں کے ساتھ بچے کے روابط و مراسم کیسے ہیں تو ان کے لئے یہ معلوم کرنا آسان ہوگا کہ بچے کے لئے کیا چیز الجھن کا سبب بنی ہوئی ہے۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ جن والدین کو بچوں کے جذبات کا علم اور پاس ہو، وہ بڑی آسانی سے یہ بات تک بتاسکتے ہیں کہ فلاں واقعہ اس پر کیا اثر کرے گا۔ اس کا ردعمل اس سلسلے میں کیا ہوگا۔

اگر بچہ ہمیشہ اس موقع پر بیماری کی شکایت کرتا ہے۔ جب سکول میں امتحانات ہونے والے ہیں یا جب ذمے داری کا کوئی اور کام اس کے سپرد کیا گیا ہے تو صرف یہ سمجھ لینا کافی نہیں کہ اسے اپنا سکول پسند نہیں اس کے بعد یہ معلوم کرنا بھی ضروری ہے کہ آخر اس کی ناپسندیدگی کا سبب کیا ہے۔

پھر ڈاکٹر کے پاس جانا تو بڑوں کو بھی اچھا نہیں لگتا تو بچوں کو کیسے پسند ہوسکتا ہے۔ اگر ہم بچے کو سمجھا سکیں کہ ڈاکٹر کے پاس جانا کیوں ضروری ہے اور اس میں کیا فائدہ ہے تو بچے کے دل سے ڈاکٹر کا بے جا خوف نکل سکتا ہے۔ بچوں کے دل سے ڈاکٹر کا ڈر نکالنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ہم انہیں صحت کے دنوں میں بھی ڈاکٹر کے پاس لے جاکر ان کا معائنہ کرواتے رہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسے معائنوں میں بچے کو کسی طرح کی تکلیف نہیں ہوگی اور ان کے لئے ڈاکٹر کے یہاں جانا لازمی طور پر ناگوار تجربہ نہیں ہوگا۔ کبھی کبھی ماں باپ یہ غلطی کرتے ہیں کہ بچہ بیمار ہوتا ہے تو اسے فوراً ڈاکٹر کو نہیں دکھاتے۔ یاد رکھیئے بچے کو ڈاکٹر کے پاس لے جانے میں جتنی تاخیر ہوگی۔ اتنا ہی بیماری بڑھنے کا اندیشہ ہوگا۔ اس لئے بچہ جونہی بیمار پڑے۔ اسے فوراً کسی کوالیفائیڈ ڈاکٹر کو دکھائیں اور اگر ممکن ہو تو بچوں کے ڈاکٹر کو دکھائیں اور فیس کی قطعاً پرواہ نہ کریں۔ کیونکہ بچہ پیسوں سے زیادہ قیمتی ہے۔

بچے کی بیماری کے آخری چند دن عموماً بڑی الجھن اور پریشانی کے ہوتے ہیں۔ بچہ سمجھتا ہے کہ اب میں بالکل اچھا ہوں۔ یہ بات اس کی سمجھ میں نہیں آتی کہ اچھا ہونے کے بعد بھی اس کا گھر ہی میں رہنا کیوں ضروری ہے۔ اس کی قوت آہستہ آہستہ بحال ہورہی ہے۔ اور اب وہ کچھ کرنے کے لئے بے قرار ہے۔ یاد رکھیئے کہ یہ وقت اسے تنہا چھوڑنے کا نہیں۔ ابھی اس میں اتنی قوت نہیں پیدا ہوئی کہ وہ زیادہ دیر تک کھیل سکے۔ اس طرح اس کا تھک جانا لازمی ہے۔ اس لئے اس زمانے میں والدین کی اس کے معمولات کی نگرانی بے حد ضروری ہے اگر وہ ابھی اس قابل نہیں کہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ کھیل میں پوری طرح شریک ہو سکے۔ تو والدین کو دوست کے فرائض بھی ادا کرنے ہوں گے۔ اسے کتاب پڑھ کر سنائیں۔ اس کے ساتھ لڈو کھیلیں۔ اس کے ساتھ ٹی وی دیکھئے۔ ماں باپ کو یہ وقت صبر و تحمل سے گزارنا چاہئے۔

مختصر یہ کہ ماں باپ کے تحمل اور سمجھداری سے بیماری ایک ناخوشگوار اور تکلیف دہ احساس کے بجائے ایک اچھا تجربہ بن سکتی ہے۔ اس تجربے کا ایک خوشگوار نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ماں باپ اور اولاد ایک دوسرے سے قریب تر آجاتے ہیں۔ اور ان کی باہمی محبت کا رشتہ مضبوط اور مستحکم ہوجاتا ہے۔ بچے کی بیماری ایک بار پھر والدین کو یہ موقع دیتی ہے کہ وہ اس کے دل میں یہ نازک احساس پیدا کریں۔ کہ ماں باپ کا سایہ اس کے لئے سکون اور راحت کا باعث ہے۔

سب والدین اور خصوصاً واقفین نو بچوں کے والدین کو اپنے بچوں کی صحت کا خاص خیال رکھنا چاہئے اور وقتاً فوقتاً ان کا طبی چیک اپ کرواتے رہنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ سب کو مع واقفین نو بچوں اور ان کے والدین کو لمبی زندگی دے اور صحت و تندرستی قائم رکھے۔ آمین

حکیم حافظ عارف اللہ صاحب

یرقان (ہیپاٹائٹس) سے

بچاؤ اور علاج

آجکل ربوہ میں یرقان وبائی شکل اختیار کررہا ہے۔ اس سے بچاؤ کے لئے چند تدابیر پیش خدمت ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ دوست اس سے محفوظ رہیں۔ اللہ تعالیٰ سب دوستوں کی حفاظت فرمائے۔ آمین

یرقان بنیادی طور پر انسانی جسم میں صفرا کی اچانک زیادتی سے ظاہر ہوتا ہے۔ چونکہ انسانی جسم میں پتہ کے وجود کی صورت میں صفرا ہر وقت موجود رہتا ہے جو ضرورت کے مطابق خارج ہوکر انسانی جسم کے نظام انہضام کو درست رکھتا ہے۔ لیکن اگر کسی بدپرہیزی یا بے احتیاطی کی وجہ سے پتہ صفرا کی غیر معمولی مقدار خارج کردے تو ہمارا معدہ خراب ہوجاتا ہے، قے آنی شروع ہوجاتی ہے، بھوک بند ہوجاتی ہے، منہ کا ذائقہ خراب ہوجاتا ہے۔ آنکھوں کا رنگ پیلا پڑ جاتا ہے، شدید نوعیت کی صورت میں بول و براز کا رنگ بھی پیلا ہوجاتا ہے۔ جونہی یہ علامات پیدا ہوں تو فوراً اپنی خوراک کا جائزہ لیں اور محتاط رویہ اختیار کریں اور درج ذیل خوراک استعمال کریں۔ طبیب کا کام طبیعت کی معاونت ہے اور طبیب کو اپنی تشخیص کے ذریعہ مریض کی معاونت کرنی چاہئے تاکہ مریض طبیب کی ہدایات پر عمل کرکے اللہ تعالیٰ سے شفا حاصل کرے۔

خوراک میں ہر قسم کا گوشت فوراً بند کردیں۔ تلی ہوئی اشیاء خصوصاً سموسے پکوڑے، گول گپے وغیرہ ہرگز نہ کھائیں اور بیکری کی بنی ہوئی اشیاء سے مکمل پرہیز کریں۔ مشروبات کا استعمال زیادہ کریں۔

نسخہ (1): اگر قے ہو تو انار کا جوس دو دو چمچ صبح دوپہر شام پئیں۔ اگر بھوک نہیں لگ رہی تو فوراً آملہ، بہیڑہ، ہرڑ تینوں ہم وزن لے کر ان کا سفوف بنالیں اور رات کو پانی میں بھگو کر ایک کپ صبح نہار منہ اور ایک کپ رات سوتے وقت نتھار کر پی لیں۔ پہلے ہفتہ میں دو مرتبہ روزانہ اس کے بعد ایک دفعہ روزانہ استعمال کریں۔

آلو بخارا چھ دانے اور املی چار دانے رات کو پانی میں بھگودیں اور صبح دس بجے اور شام چار بجے شربت بنا کر پی لیں۔ گاجر کا جوس یرقان کی بیماری اور اس سے بچاؤ کے لئے بہترین ہے۔ لیکن نفخ سے بچنے کے لئے اس میں ہلکی سیاہ مرچ استعمال کریں۔ گنے کا رس پینے کے لئے ہمیشہ اپنا گلاس استعمال کریں۔ دکاندار کے گلاس میں ہرگز نہ پئیں اور اس میں برف کی آمیزش نہ ہو۔ مولی کے پتوں کا تازہ پانی نکال کر استعمال کریں اور مولی کھائیں۔ دلیہ اور ابلے ہوئے چاول بطور خوراک کھائے جاسکتے ہیں۔ لیکن ان میں سرخ مرچ کا ہرگز استعمال نہ ہو۔ دن میں دو دفعہ عرق کاسنی ایک ایک کپ استعمال کریں۔

نسخہ (2): زرشک شیریں، آلو بخارا، جڑ کاسنی، مکودانہ یہ چاروں دس دس گرام آدھے لٹر پانی میں بھگولیں اور اس کے بعد اچھی طرح ابال کر ایک گلاس صبح شام پئیں۔

یرقان کی وجہ سے معدہ لازماً خراب ہوجاتا ہے۔ اس لئے کم ازکم دو ہفتہ اپنی خوراک ہلکی رکھیں۔ آملہ، بہیڑہ اور ہرڑ معدہ کے نظام کو درست رکھتے ہیں۔ اس لئے ان کا استعمال جاری رکھیں۔ اینٹی بائیوٹک ادویات کے استعمال سے حتی الوسع بچنے کی کوشش کریں کیونکہ یہ ادویات جگر کو خراب کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ لیکن اشد ضرورت کے پیش نظر مستند معالج کی تجویز کردہ ادویات استعمال کرنے میں کوئی ممانعت نہیں۔ دوا کے ساتھ ساتھ دعا بھی کرتے رہیں تا اللہ تعالیٰ مکمل شفا سے فیض یاب کرے اور ہر قسم کی پیچیدگیوں سے بچائے۔ احتیاط علاج سے بہتر ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 60036 میں انور سعید

ولد چوہدری محمد سعید پیشہ Hvac Tech عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.S.A بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 26-3-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2300 ڈالر ماہوار .... مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد انور سعید گواہ شد نمبر 1 انعام الحق کوثر گواہ شد نمبر 2 مسعود اشرف

مسل نمبر 60037 میں حمیرا امتہ الحمید

زوجہ سید محمود احمد قوم مغل پیشہ خانہ داری عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.S.A بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-4-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند -/20000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور 35 تولے اندازاً مالیتی -/250000 روپے۔ 3۔ ترکہ والد مرحوم (i) زرعی اراضی خلیل آباد کنری 246/ ایکڑ۔ (ii) زرعی اراضی ناصرہ آباد 11/ ایکڑ۔ (iii) زرعی اراضی مبارکہ آباد 21/ ایکڑ۔ (iv) زرعی اراضی احمد نگر ربوہ 60 کنال 3 مرلے۔ (vi) مکان واقع دارالصدر شرقی ربوہ مندرجہ بالا میں والدہ 3 بھائی 4 بہنیں حصہ دار ہیں۔ 4۔ نقد رقم -/30000 ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ حمیرا امتہ الحمید گواہ شد نمبر 1 منور احمد چوہدری ولد چوہدری تاج الدین مرحوم گواہ شد نمبر 2 سید محمود احمد خاوند موصیہ

مسل نمبر 60038 میں عائشہ رحمٰن سفیر

زوجہ سفیر احمد چوہدری قوم کشمیری پیشہ Mis Analyst عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کینیڈا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 17-6-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور مالیتی -/16510 ڈالر۔ 2۔ حق مہر بذمہ خاوند -/40000 ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 ڈالر ماہوار بصورت خورونوش مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ عائشہ رحمٰن سفیر گواہ شد نمبر 1 طارق محمود ولد ایم اے قدیر گواہ شد نمبر 2 کریم احمد بنگوی ولد چوہدری عنایت اللہ

مسل نمبر 60039 میں راشدہ نسیم

بنت ڈاکٹر محمد ظفر اللہ پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 21-12-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100000 غانین کرنسی ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ راشدہ نسیم گواہ شد نمبر 1 عبداللہ ناصر گواہ شد نمبر 2 طالب یعقوب

مسل نمبر 60040 میں یوسف اشرف

ولد محمد اشرف پیشہ ملازمت عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسکاٹ لینڈ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 5-10-04 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600 سٹرلنگ پونڈ ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد یوسف اشرف گواہ شد نمبر 1 اختر حمید قریشی گواہ شد نمبر 2 ایم اکرم ملک

مسل نمبر 60041 میں

Muhammad Mashiur Rahman

ولد Mohammad Ibrahim Marhum پیشہ ملازمت عمر 46 سال بیعت 1983ء ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ رہائشی جگہ برقبہ 0.10/ ایکڑ مالیتی -/TK1300000۔ رہائشی بلڈنگ برقبہ 1000 مربع فٹ مالیتی -/TK600000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK10500 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/2500 روپے ماہوار آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Muhammad Mashiur Rahman گواہ شد نمبر 1 بشیر الرحمٰن گواہ شد نمبر 2 کبیر احمد

مسل نمبر 60042 میں

Khandahar Azmat Haque

ولد Khandahar Muhammad Isaque پیشہ ریٹائرڈ عمر 74 سال بیعت 1954ء ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ مکان برقبہ 03./ ایکڑ مالیتی -/TK120000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK3400 ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Khandahar Azmat Haque گواہ شد نمبر 1 شمس الرحمٰن گواہ شد نمبر 2 عبداللہ احمد

مسل نمبر 60043 میں ارسلان احمد

ولد اشتیاق احمد ملک قوم ملک پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دوالمیال ضلع چکوال بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-5-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ارسلان احمد گواہ شد نمبر 1 اشتیاق احمد ملک والد موصی گواہ شد نمبر 2 اسحاق احمد ملک ولد رفیق احمد ملک

مسل نمبر 60044 میں شمیم احمد

ولد محمد شریف مرحوم قوم آرائیں پیشہ فوڈ سپروائزر عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کنری ضلع عمرکوٹ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 2-3-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ پلاٹ 2 عدد واقع کنری برقبہ 3000 مربع فٹ اندازاً مالیتی -/54000 روپے۔ 2۔ زرعی اراضی دس ایکڑ واقع محمود آباد فارم اندازاً مالیتی -/250000 روپے۔ 3۔ موٹر سائیکل مالیتی اندازاً -/25000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5500 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ اور بطور ٹھیکہ مبلغ -/5000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد شمیم احمد گواہ شد نمبر 1 عصمت اللہ قمر وصیت نمبر 26243 گواہ شد نمبر 2 شیخ عبدالرحمٰن وصیت نمبر 21519

